فوری ریلیز کے لیے: 2022/12/1 گورنر **KATHY HOCHUL**

***گورنر HOCHUL کا یوٹیکا کے مرکز میں 64$ ملین لاگت سے بننے والے نیکسس سینٹر کے عظیم الشان افتتاح کا اعلان***

***ریاستی کفالت سے، عالمی معیار کا تفریحی اور کھیلوں کا کمپلیکس آئس ہاکی، باکس لیکروس، ساکر اور دیگر میدانی کھیلوں کے لیے شاندار ٹورنامنٹس کے انعقاد کی سہولت کے طور پر کام کرے گا***

***بڑے ٹورنامنٹس کی میزبانی کرے گا، کھیلوں کی ٹیموں کو شمال مشرق اور کینیڈا سے مؤہاک ویلی کے علاقے کی طرف راغب کرے گا***

***320,000 سے زائد سالانہ مہمانوں کو راغب کرنے کا تخمینہ ہے جو علاقائی معیشت میں 26$ ملین سے زیادہ کا اضافہ کریں گے، مؤہاک ویلی کے لیے ریاست کے اقتصادی نصب العین کو تقویت دیں گے***

گورنر Kathy Hochul نے آج یوٹیکا کے مرکز میں 64$ ملین کی لاگت سے تیار ہونے والے نیکسس سینٹر کے عظیم الشان افتتاح کا اعلان کیا۔ یہ اعلان مقامی عہدیداروں کی جانب سے آج شام کے آخر میں منعقد کیے جانے والے ایک رسمی "پک ڈراپ" سے پہلے ہوا ہے۔ ریاستی تعاون کی بدولت، جس میں اپ سٹیٹ احیائے نو کے اقدام کے ذریعے 22$ ملین شامل ہیں، 170,000 مربع فٹ کے ٹورنامنٹ پر مبنی تفریحی اور کھیلوں کے کمپلیکس کو آئس ہاکی، باکس لیکروس، ساکر اور دیگر میدانی کھیلوں کے لیے استعمال کیا جائے گا، اور امریکہ اور کینیڈا بھر سے مسابقتی نوجوانوں کی ٹیموں کو اپنی طرف راغب کیا جائے گا۔ نیکسس سینٹر ہر سال ہاکی کے 24 اور لیکروس کے 24 ٹورنامنٹس کی میزبانی کرے گا، جو 320,000 سے زائد سالانہ شائقین کا خیرمقدم کرے گا اور مہمانوں کے براہِ راست اخراجات کی مد میں سالانہ 26$ ملین سے زیادہ کمائے گا۔

**گورنر Hochul نے کہا،** "عالمی معیار کے نیکسس سینٹر کی تکمیل کھیلوں کے شائقین اور خاندانوں کے لیے ایک منزل کے طور پر ایک نئے تصور شدہ یوٹیکا کے لیے ریاست کے جاری نصب العین کو تقویت دیتی ہے۔ نیو یارک کی جانب سے ایک امداد کی بدولت، یہ سہولت یقینی طور پر مؤہاک ویلی کی معیشت کو آنے والے برسوں تک جیتنے کی راہ پر گامزن کر دے گی"۔

نیکسس سینٹر میں برف کی تین پرتیں ہیں اور یہ اڈیرونڈیک بینک سنٹر کے ساتھ واقع ہے، جس میں امریکن ہاکی لیگ کے یوٹیکا کامٹس، یوٹیکا یونیورسٹی کے مردوں اور خواتین کے ہاکی پروگرام اور یوٹیکا جونیئر کامٹس کی یوتھ ہاکی تنظیم واقع ہیں۔ برف کو میدانی سطحات میں آسانی سے تبدیل کیا جا سکتا ہے تاکہ ٹرف پر کھیلی جانے والی کھیلوں میں معاونت کی جا سکے۔ اس کے علاوہ، نیکسس سینٹر میں 25 سے زیادہ لاکر رومز، تجارتی دفتر کی جگہیں، کالج کے کلاس روم کی جگہیں، پرچون کی دکانوں کی جگہیں، کھانے پینے کی اشیاء اور دیگر کثیر المقاصد تربیتی جگہیں ہیں۔

نیکسس سینٹر سال بھر شہر سے باہر ٹورنامنٹ کے شرکاء پر توجہ مرکوز کرے گا، جبکہ ہفتے کے دوران پریکٹس اور ٹریننگ کے لیے مقامی کھلاڑیوں کو خدمات فراہم کرے گا۔ جب یہ سہولت کسی ٹورنامنٹ یا دیگر تقریبات کے لیے فعال طور پر استعمال نہیں کی جا رہی، تو یہ علاقے کی کھیلوں کی تنظیموں، ہائی سکولوں اور کالجوں کے لیے

کھیلوں اور تفریح کے ایک علاقائی مرکز کے طور پر کام کرے گی۔ یوٹیکا میموریل آڈیٹوریم میں اڈیرونڈیک بینک سینٹر سے نیکسس سینٹر کا اتصال بھی اس کے مجموعی علاقائی اثرات اور دائرہ کار کو بڑھاتا ہے۔ نیکسس سینٹر کے مستقبل کے منصوبوں میں ایک چار رُتوں کے کھیلوں کے مرکز تک توسیع کرنا شامل ہے، جس میں شمال میں اور ہاربر پوائنٹ کے علاقے میں بیرونی کثیر الاستعمال کھیلوں کے میدانوں کو شامل کرنے کی صلاحیت ہے - جو یوٹیکا ہاربر ماسٹر پلان سے مطابقت رکھنے والا مطمعٔ نظر ہے۔

یوٹیکا یونیورسٹی نے حال ہی میں کھیلوں کے انتظامی پروگرام کو بڑھانے کے لیے نیکسس سینٹر کے ساتھ اپنی شراکت داری کا اعلان کیا ہے، جو کھیلوں کے انتظامی پروگرام میں طلباء و طالبات کو حقیقی، پیشہ ورانہ تجربہ حاصل کرنے کے لیے ایک انتہائی اختراعی، اپنی نوعیت کا پہلا موقع فراہم کرتا ہے۔ نیکسس سینٹر طلباء و طالبات کو فارغ التحصیل ہونے کے بعد ملازمت کی تلاش کے دوران عملی زندگی شروع کرنے میں مدد دینے کے لیے سیکھنے کا ایک عملی، متعامل تجربہ حاصل کرنے کے قابل بنائے گا۔ پچھلی دہائی میں، کھیلوں کی صنعت نے ملک بھر میں آسمان کو چھوتے ہوئے 23ویں سے چھٹی بڑی صنعت کا درجہ حاصل کیا۔ یوٹیکا یونیورسٹی میں اس وقت کھیلوں کے انتظامی پروگرام میں تقریباً 40 طلباء و طالبات زیرِ تعلیم ہیں۔

اس URI ایوارڈ نے دیگر کئی اضافی ریاستی سرمایہ کاریوں کے ساتھ یوٹیکا کو ایک نئے اور دلچسپ شہری مرکز کے طور پر تبدیل کرنے میں مدد کی ہے۔ مؤہاک ویلی کی علاقائی اقتصادی ترقیاتی کونسل اور دیگر شرکائے کار کی تجاویز کے ساتھ، اندرون شہر کے علاقوں کو شہری تفریح، سیر و سیاحت، کھیلوں اور کاروباری سرگرمیوں کی منازل کے طور پر دوبارہ تصور کیا گیا ہے۔

کلیدی سرمایہ کاریوں میں نئے تجدید شدہ یوٹیکا میموریل آڈیٹوریم شامل ہیں جو یوٹیکا کامیٹس ہاکی ٹیم اور میجر ایرینا سوکر لیگ کے یوٹیکا سٹی فٹ بال کلب کا گھر ہے؛ جینیسی اور اسٹیٹ سٹریٹ کے ساتھ اور بیگز سکوائر کے نواحی علاقے میں بلند و بالا اپارٹمنٹس؛ اندرون شہر میں ایک نئے ہسپتال کی تشکیل میں مدد کے لیے 300$ ملین کی ریاستی سرمایہ کاری؛ یوٹیکا کے ہاربر پوائنٹ بلک ہیڈ منصوبے کے لیے URI فنڈنگ میں 6$ ملین، جو نجی شعبے کی ترقی کو راغب کرنے کے لیے درکار بنیادی ڈھانچے کی آخری بہتری ہے؛ اور Wolfspeed کے ساتھ 1$ بلین کی سرکاری و نجی شراکت داری، جس نے مرسی نینوسینٹر میں سینکڑوں ملازمتیں پیدا کی ہیں۔

**ایمپائر اسٹیٹ ڈویلپمنٹ کی صدر، سی ای او اور کمشنر Hope Knight نے کہا،** "ایک اور مشہور شخصیت، ہاکی کے عظیم کھلاڑی وین گریٹزگی کی تشریح کرتے ہوئے، گورنر Hochul کی قیادت میں، نیو یارک ریاست صحیح معنوں میں وہیں سکیٹنگ کر رہی ہے جہاں پک (آئس ہاکی کی سیاہ رنگ کی ڈسک) جا رہا ہے، نہ کہ جہاں وہ ہوا کرتی تھی۔ یہ دلچسپ سہولت یوٹیکا کے لیے ایک معاشی محرک ثابت ہو گی، جو مکینوں کو شہر کے مرکز کی طرف راغب کرے گی اور ہر سال ہزاروں سیاحوں کو اس علاقے میں لائے گی"۔

**ریاستی سینیٹر Joseph Griffo نے کہا،** "مجھے خوشی ہے کہ یوٹیکا کے مرکز میں نیکسس سینٹر کھلا ہے، اور میں ان تمام لوگوں کی کوششوں کو سراہتا ہوں جنہوں نے اس اہم منصوبے کو حقیقت بنانے کے لیے مل کر کام کیا ہے۔ یہ نیا تفریحی اور کھیلوں کا کمپلیکس سیاحوں اور ان کے خاندانوں کو علاقے کی طرف راغب کرے گا اور مقامی اور علاقائی معیشتوں کی معاونت کرے گا اور انہیں ترقی دے گا۔ نیکسس سینٹر، یوٹیکا میموریل آڈیٹوریم میں بہتر اڈیرونڈیک بینک سینٹر کے ساتھ، خطے میں مستقبل کی نشونما اور ترقی کے لیے ایک عمل انگیز کے طور پر کام کرے گا اور اس کی تکمیل کرے گا جو یوٹیکا اور مؤہاک ویلی میں پہلے سے ہو رہا ہے"۔

**رکنِ اسمبلی Marianne Buttenschon نے کہا،** "پورا وسطی نیو یارک کا علاقہ اس تمام نیکسس سینٹر سے فائدہ اٹھائے گا۔ یہ اضافہ کھیلوں سے لے کر علاقے اور خصوصی تقریبات تک مختلف مقامات کے مواقع لاتا ہے اور اس کے ساتھ سیاحوں کی آمد اور معاشی فوائد بھی۔ میں جدید ترین تعلیمی پروگرامنگ کے لیے 600,000$ حاصل کرنے میں بھی کامیاب رہی جو یوٹیکا یونیورسٹی نیکسس سینٹر کے ساتھ شراکت داری میں فراہم کرے گی۔ نیکسس سینٹر یوٹیکا سٹی، اونیڈا کاؤنٹی اور ہمارے پورے خطے کی ترقی میں اضافہ کرنے والا ایک اور موتی ہے"۔

**مؤہاک ویلی کی علاقائی اقتصادی ترقیاتی کونسل کے شریک چیئرز، Lawrence T. Gilroy III، Gilroy, Kernan & Gilroy, Inc. کے صدر اور ڈاکٹر Marion Terenzio، SUNY Cobleskill کے صدر نے کہا،** " نیکسس سینٹر اندرونِ شہر یوٹیکا کی تبدیلی کے تزویراتی نصب العین کا ایک لازمی جزو ہے، جو پہلے سے ہی ایک عالمی معیار کی منزل بننے کے راستے پر گامزن ہے جو یوٹیکا اور خطے میں اقتصادی ترقی کو فروغ دے گی۔ نیکسس سینٹر ناصرف سیاحت کو آگے بڑھائے گا، بلکہ یہ شہر کے مکینوں اور مستقبل کے رہائشیوں جو مؤہاک ویلی کو گھر کہنا چاہتے ہیں کے لیے ایک پُرکشش اور متحرک تفریحی مرکز بنائے گا"۔

**اپر مؤہاک ویلی میموریل آڈیٹوریم اتھارٹی کے چیئرمین، Carl Annese نے کہا،** "یہ عالمی معیار کی سہولت مؤہاک ویلی خطے کے لیے کایا پلٹ ہے اور مقامی معیشت کے لیے اقتصادی ترقی کے لیے کلیدی عمل انگیز ہو گی۔ میں گورنر Hochul ، مؤہاک ویلی علاقائی اقتصادی ترقیاتی کونسل، ایمپائر اسٹیٹ ڈویلپمنٹ اور اونیڈا کاؤنٹی کے جاری تعاون کے لیے شکریہ ادا کرنا چاہوں گا جس نے اس منصوبے کو حقیقت بنانے میں مدد کی"۔

###

اضافی خبر یہاں ملاحظہ کی جا سکتی ہے www.governor.ny.gov
ریاست نیو یارک | ایگزیکٹیو چیمبر | press.office@exec.ny.gov | 518.474.8418